© rasailojaraid.com



مولانا محمد سعید الرحمن علوی

# حسنِ انتقاد

## نام کتاب : شعور

مصنف : مفکر احرار چودھری افضل حق

ناشر :۔ بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان

قیمت /۲۵ روپے

برِعظیم کے معروف راجپوت خاندان کا چشم و چراغ افضل حق، پولیس اور وہ بھی برطانوی دور کی پولیس کے معتبر کل پرزے کے طور پر خدمت سر انجام دے رہا تھا۔ کارکردگی، محنت اور محکمہ کے حوالہ سے اس کا دنیوی مستقبل خاصا روشن تھا لیکن قدرت کو اس کی دنیا سے بڑھ کر اس کی آخرت عزیز تھی، اس لئے بہادروں کے شہر لدھیانہ میں تحریک خلافت کے دوران ۱۹۲۱ء معروف نوجوان مقرر سید عطاء اللہ شاہ بخاری۔۔۔۔ جو چند سال بعد محدث عصر مولانا انور شاہ کاشمیری کی بیعت کے سبب امیر شریعت قرار پائے۔۔۔۔ کی تقریر اور نگاہ فیض اثر نے ایسا گھائل کیا کہ افضل حق اس منفعت بخش نوکری کو چھوڑ کر کانٹوں بھری راہ پر چل کھڑا ہوا حتیٰ کہ آٹھ برس بعد جب لاہور کے تاریخی شہر میں اہل جنوں نے مل کر قافلہ احرار مرتب و منظم کیا تو افضل حق اس میں پیش پیش تھے۔ ۱۹۲۹ء سے ۱۹۴۲ء تک لگ بھگ ۱۴ برس کا عرصہ افضل حق نے اس طرح گزارا کہ احرار اور وہ لازم و ملزوم قرار پائے تا آنکہ ۴۲ء میں جنازہ بھی دفتر احرار لاہور سے اٹھا۔

قدرت نے اس شخص کو جو شعور، وجدان اور سوچ و فکر کی نعمتیں عطا کی تھیں، اس نے ان کا نہایت صحیح استعمال کیا اور یوں اپنے مالک کی نعمتوں کی صحیح قدر کی، وہ بولتا تو اس کے منہ سے پھول جھڑتے، لکھتا تو موتی پروتا۔

بے پناہ جماعتی مصروفیات، ملک بھر کے دوروں اور روز روز کی جیل کے باوصف اس کے قلم سے ۱۴ کتابیں نکلیں جن میں "محبوب خدا" سیرت رسول پر اس کا اچھوتا شاہکار ہے تو "دین اسلام" اللہ تعالیٰ کے آخری دین کی نہایت درجہ خوبصورت اور سچی تصویر و تعارف۔

آزادی ہند، تاریخ احرار، پاکستان اور اچھوت اور مختلف خطبات صدارت سیاسی حوالہ سے اس کے گہرے اور پختہ شعور اور مسائل کے حقیقی ادراک کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ جبکہ جواہرات، آزادیٔ ہند، میرا افسانہ اور زندگی جیسی کتابیں چودھری صاحب نے معاشرتی زندگی کی اصلاح کے لئے سپرد قلم کیں۔۔۔ یہ کتابیں کیا ہیں؟ شرافت، نیکی اور دوسروں کے ساتھ بھلائی کی راہ ان کے مطالعہ سے سامنے آتی ہے، جس پر چل کر انسان اپنے رب کی دائمی رضا کا مستحق ہو جاتا ہے۔

"شعور" نامی زیر تبصرہ مجموعہ۔۔۔۔ چودھری صاحب کے ایسے ہی تین قلم پاروں کا مجموعہ ہے۔ ان میں ایک افسانہ، ایک تنقیدی مضمون اور ایک ڈرامہ ہے دیہاتی رومان افسانہ ہے جو دیہاتی زندگی کی اصلاح اور دیہاتی عوام کی ترقی کے لئے مشعل راہ ہے۔ "معشوقہ پنجاب" ایک دل آویز اور دلچسپ تنقیدی مضمون ہے۔ لگ بھگ دو صدی سے پنجاب کے لاکھوں مرد و زن اس کہانی کے ذریعہ بے راہ روی کا شکار ہوئے، پر افسوس کہ ہزاروں کو اوباش بنانے والے یہ کردار وقت کے حکمرانوں اور ان کے سلے پالک دانش فروشوں کے نزدیک "ہیرو" قرار پائے ان کے "عرس" کئے گئے اور سال بہ سال انہیں "خراج

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عقیدت" پیش کیا جانے لگا--- چودھری صاحب کے اصلاحی قلم نے اس قصہ کے تار و پود بکھیر کر لوگوں کو شرافت و نیکی کا راستہ دکھلایا ہے۔

"شعور" سماج کے لئے لکھا گیا اصلاحی ڈرامہ ہے جس سے چودھری صاحب کے حساس قلب اور پاکیزہ نیت کا اندازہ ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس طرح معاشرہ کی اصلاح کے لئے بے چین تھے۔ افضل حق صدی کے حوالہ سے بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم ملتان سے اس مجموعہ کو نہایت خوبصورتی سے چھاپ کر احسان کیا ہے۔ امید ہے کہ حساس طبائع اور انسانی برادری کی اصلاح کی تڑپ رکھنے والے حضرات اس مجموعہ کی قدر کریں گے۔

---


## تحریک تحفظ ختم نبوت کی اہم پیشکش

- عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور ردِ مرزائیت کے سلسلہ کی اہم کتابیں ● جن کی اشاعت سے قادیانی ایوان لرز اٹھے
- کفر و ارتداد اور بے دینی کے اس معاشرے میں ان کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔

- مسئلہ ختم نبوت علم و عقل کی روشنی میں (مولانا مفتی محمد شفیع سندیلوی) ۱۸/ روپے ● قادیان سے اسرائیل تک جناب ابو مدثرہ ۴۰/ روپے
- قادیانیوں کو دعوت حق (مولانا محمد عبد اللہ) ۲۵/ روپے ● تائید آسمانی در ردِ نشانِ آسمانی مولانا محمد جعفر تھانیسری ۵/ روپے
- اسلام اور مرزائیت (تقابلی مطالعہ) مولانا محمد عبد اللہ ۱۲/ روپے ● ردِ قادیانیت پر دس کتابچے ۱۰/ روپے

### خصوصی رعایت

● کوئی ایک کتاب منگوانے پر ۲۰٪ رعایت ● مکمل سیٹ منگوانے پر ۳۳٪ رعایت اور ● ۱۰۰۰/ روپے کی کتب منگوانے پر ۴۰٪ رعایت اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت ایک سال کے لئے مفت جاری کیا جائے گا۔

**نوٹ:** رقم پیشگی ارسال کریں۔ کتاب رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کی جائے گی۔ ڈاک خرچ بذمہ ادارہ ہوگا۔

**تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان**

**دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔ فون ۷۲۸۱۳**



مومنین اہل سنت و جماعت کیلئے ایک عظیم علمی تحفہ

## نمازِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

جس میں

- مسائل قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور آثار صحابہؓ سے مدلل۔
- پیغمبر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی نماز کی واضح تصویر
- مستند مآخذ، علمی سرمایہ، عام فہم اندازِ بیان

دلکش ترتیب۔

- اردو خواں حضرات کیلئے مدنی تحفہ جس کی افادیت مسلمہ ہے۔
- امام ابو حنیفہؒ کی علمی عظمت، فلسفیانہ اندازِ استدلال اور سنت سے والہانہ وابستگی کی ایک جھلک۔

تالیف: الشیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

تقدیم: الشیخ محمد شفیق اسعد

**سُنی پبلی کیشنز**

پوسٹ بکس نمبر ۷۶۶ لاہور

ہر اچھے بک سٹال سے یا براہ راست ہم سے طلب کریں

قیمت ۵۱/۰۰ روپے


© rasailojaraid.com